Daily
AKHBAR-E-HAQ
Islamabad

روزنامہ

اخبارِ حق

اسلام آباد

ایڈیٹر: محمد تنویر کھوکھر

جلد 4 | جمعۃ المبارک 24 جولائی 07، 2015 شوال 1436ھ | 8 صفحات 8 قیمت 8 روپے | شمارہ 253

این ایچ اے آئی کی زمین کو ہاؤسنگ سوسائٹی میں منتقل نہ کرنے کا فیصلہ

دوسری صورت میں حکومت وقت کو زراعت سے وابستہ لوگوں کی طرف سے شدید احتجاج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے

یہ زمین صرف ایگریکلچر کے مقاصد کو فروغ دینے کے لئے استعمال ہوتی رہے گی، سوسائٹی نہیں بنے گی، سکندر حیات بوسن

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر تحفظ خوراک سکندر حیات بوسن نے کہا ہے کہ وزیراعظم نواز شریف نے نیشنل ایگریکلچر ریسرچ سنٹر کی زمین کو ہاؤسنگ سوسائٹی میں منتقل نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے یہ زمین صرف ایگریکلچر کے مقاصد کو فروغ دینے کے لئے استعمال ہوتی رہے گی۔ وفاقی وزیر سکندر حیات بوسن نے میڈیا کو بتایا کہ انہوں نے مذکورہ زمین ہاؤسنگ سوسائٹی میں تبدیل نہ کرنے بارہا کیلئے وزیراعظم پاکستان کو لکھا تھا جس میں کہا گیا کہ نیشنل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2 7)

72 بقیہ

ایگریکلچر سنٹر کو ہاؤسنگ سوسائٹی میں تبدیل نہ کیا جائے کسی دوسری صورت میں حکومت وقت کو کاروبار حضرات اور زراعت میں وابستہ لوگوں کی طرف سے شدید احتجاج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ وزیراعظم کو لکھے گئے خط کی ایک کاپی انہوں نے میڈیا کو بھی مہیا کر دی۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ مشرف کے دور حکومت میں پی پی پی کے گزشتہ دور میں چند بیوروکریٹس کی جانب سے اس ریسرچ سنٹر کو ختم کرنے کی بارہا کوشش کی گئیں لیکن سول سوسائٹی کی جانب سے سخت ردعمل کے باعث ان کو منہ کی کھانی پڑی تاہم اس دفعہ بھی وفاقی دارالحکومت کا ترقیاتی ادارہ ایگریکلچر ریسرچ سنٹر کو ہاؤسنگ سوسائٹی میں منتقل کرنے میں ناکام ثابت ہوگا۔